2025-04-17

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- مرکزی وزیر سربانند سونووال نے کہا ہے کہ بھارت، مشرقِ وسطی، یوروپ اقتصادی راہداری، عالمی کنیکٹی وِٹی میں ایک گیم چینجر ہے۔

2- کانوں کی وزارت نے، اہم معدنیات کے قومی مشن کے تحت، مہارت کے مراکز قائم کرنے کے رہنماء خطوط جاری کیے ہیں۔

3- سپریم کورٹ آج وقف ترمیمی قانون 2025 کو چیلنج کرنے والی عرضداشتوں کی پھر سماعت کرے گی۔

4- تجارت کی عالمی تنظیم نے، امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے ذریعے عائد محصولات کے نتیجے میں، 2025 کے عالمی تجارتی ترقی میں کمی کی پیشگوئی کی ہے۔

5- شوٹنگ میں سروچی سنگھ اور سوربھ چودھری کی بھارتی جوڑی نے لیما میں ISSF عالمی کپ 2025 کے 10 میٹر ایئر پسٹل مکسڈ ٹیم مقابلے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

6- اور IPL ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں، میزبان ڈیلہی کیپیٹلز نے کانٹے کے ایک سُپر اوور مقابلے میں راجستھان رائلس کو شکست دی۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev. Sonowal IMEC

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کے مرکزی وزیر جناب سربانند سونووال نے زور دے کر کہا ہے کہ بندرگاہوں، کثیر ماڈل لاجسٹکس اور میٹری جیسے ڈیجیٹل پلیٹ فارمس بھارت کو ایک جدید بحری انقلاب کے سمت لے جا رہے ہیں۔ کل نئی دلّی میں India-Middle East-Europe Economic Corridor (IMEC) کانکلیو 2025 میں اظہار خیال کرتے ہوئے جناب سونووال نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ IMEC عالمی کنیکٹی وِٹی میں ایک یکسر تبدیلی لانے والا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ IMEC بھارت، مشرق وسطیٰ اور یوروپ کے درمیان پائیدار اور محفوظ کاروباری راستوں کے ذریعے کنیکٹی وِٹی کو مستحکم کر رہا ہے۔

S/B - Sonowal IMEC

انہوں نے اس بات کو بھی اُجاگر کیا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کے مہا ساگر ویژن کے تحت حکومت، بھارت کو ایک عالمی بحری طاقت کا مقام دلانے کے لیے بنیادی ڈھانچے، توانائی اور ڈیٹا کو مربوط بنا رہی ہے، جس سے پورے خطّوں میں ترقی، استحکام اور تعاون کو مضبوطی حاصل ہو رہی ہے۔ ×

Mines Guidelines

کانوں کی وزارت نے، اہم معدنیات کے قومی مشن کے تحت مہارت کے مراکز COEs کے قیام کے لیے رہنماء خطوط جاری کیے ہیں، جو مشن کے کلیدی ستون، تحقیق اور ٹیکنالوجی کی ترقی سے مطابقت رکھتے ہیں۔ وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ آغاز سے اختتام تک کے طریقۂ کار میں ٹیکنالوجی کی تیاری، مظاہرے اور اسے بروئے کار لانے کے مقصد سے یہ ضروری ہے کہ تحقیق اور ترقی ہو تاکہ ٹیکنالوجی کی تیاری کی اعلیٰ سطح تک پہنچا جا سکے۔ اس مقصد کے لیے تحقیق و ترقی کو ایک مکمل نقطۂ نظر سے انجام دینا لازمی ہے، تاکہ اعلیٰ ٹیکنالوجی کی تیاری کی سطح کو حاصل کیا جا سکے۔

اس نئے اقدام کے تحت مستند تعلیم و ترقی کے ادارے جیسا کہ اہلیت میں درج ہے، CEOs کے طور پر جانچے اور تسلیم کیے جائیں گے اور جو اہم معدنیات میں تحقیق و ترقی انجام دیں گے۔

CEOs اختراعی اور تبدیلی لانے والی تحقیق کریں گے تاکہ ملک کی سائنسی اور تکنیکی صلاحیت کو Critical Mineral کے شعبے میں مضبوط بنایا جا سکے اور فروغ دیا جا سکے۔×

Goyal IMEC Conclaveؙ

کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت ترقی کی اُبھرتی ہوئی مارکیٹ اور دنیا کی سب سے تیزی سے ترقی کرنے والی معیشت بنتا جا رہا ہے۔ وزیر موصوف نے یہ بات کل نئی دلّی میں بھارت، مشرقِ وسطیٰ، یوروپ اقتصادی راہداری IMEC کانکلیو 2025 سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جناب گوئل نے کہا کہ حکومت اُن ملکوں کے ساتھ کاروباری رشتوں کو وسعت دے رہی ہے، جن ملکوں سے اُسے بہتر معاہدے حاصل ہو رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت اُن ملکوں کے ساتھ تعلقات کو مضبوطی فراہم کر رہی ہے، جہاں یہ ممالک مساوی اور متوازی آزاد تجارتی معاہدے کر سکتے ہیں۔ وزیر موصوف نے یہ بھی کہا کہ اس سلسلے میں عمان سے بات چیت کا سلسلہ جاری ہے، جبکہ دیگر ممالک کے ساتھ گفت شنید کی جانی ہے۔

S/B - Piyush Goyal

SC Waqf Amendment Act

سپریم کورٹ نے کل وقف ترمیمی ایکٹ 2025 کو چیلنج کرنے والی کئی عرضداشتوں کی سماعت کرتے ہوئے کوئی عبوری حکم جاری نہیں کیا۔ مرکز نے عدالت کی جانب سے اٹھائے گئے تین سوالات پر اپنے جواب کے لیے مزید مہلت دینے کی درخواست کی ہے۔ چیف جسٹس سنجیو کھنہ، جسٹس پی وی سنجے کمار اور کے وی وشوناتھن پر مشتمل ایک تین ججوں کی بنچ وقف ترمیمی قانون 2025 کو چیلنج کرنے والی عرضداشتوں کی سماعت کر رہی تھی۔ آج دن میں 2 بجے تین ججوں کی بنچ معاملے کی پھر سماعت کرے گی۔

عدالت نے سولیسٹر جنرل تشار مہتا سے سوال کیا کہ “Waqf by User” کو کس طرح نامنظور کیا جاسکتا ہے۔ کیونکہ کئی افراد ایسے ہوں گے، جن کے پاس اس طرح کے اوقاف کو رجسٹر کرانے کیلئے درکار دستاویزات نہیں ہوں گی۔ بھارت کے چیف جسٹس جناب کھنہ نے سماعت کے ختم ہونے پر وقف قانون میں ترامیم کے خلاف مغربی بنگال میں تشدد پھوٹ پڑنے پر تشویش کا اظہار کیا۔×

BJP WB

مغربی بنگال میں اپوزیشن کے لیڈر Suvendu Adhikari نے مرشدآباد تشدد معاملے کی NIA سے تحقیقات کرانے کا مطالبہ کیا ہے۔ BJP نے وقف ترمیمی قانون پر ہوئے تشدد سے متاثرہ افراد کو معاوضہ دیے جانے کا بھی مطالبہ کیا ہے۔ BJP کے ریاستی صدر سوکانتا مجمدار نے کہا ہے کہ تشدد میں جن گھروں اور دکانوں کو نقصان پہنچا ہے، ریاستی حکومت کو اُنہیں مرمت کرانا چاہیے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ممتا بنرجی کی قیادت والی حکومت کو ہر متاثرہ کنبے کے فرد کو پانچ-پانچ لاکھ روپے معاوضہ اور ہر کنبے کے ایک شخص کو ریاستی حکومت نے مستقل نوکری دینی چاہیے۔ جناب مجمدار نے مرشدآباد تشدد کے متاثرین کے ہمراہ کولکاتہ میں DGP راجیو کمار سے بھی ملاقات کی۔×

ED Robert Vadra

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ED ہریانہ میں، زمین کے ایک معاہدے سے وابستہ کالے دھن کو جائز بنانے کے ایک معاملے کی تحقیقات کے سلسلے میں آج لگاتار تیسرے دن رابرٹ واڈرا سے پوچھ تاچھ کرے گی۔ نئی دلّی میں واقع ED کے دفتر میں اُن سے پوچھ تاچھ کی جا رہی ہے۔ یہ معاملہ جناب واڈرا کی کمپنی کے ذریعے گروگرام میں زمین فروخت کیے جانے سے متعلق ہے۔×

OM Birla Commerce

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے اس بات پر زور دیا ہے کہ صنعت اور تجارت کے ستون، بھارت کو 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک میں مکمل طور پر تبدیل کرنے کے ہدف کے عہد کے ساتھ اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ ملک کے اس خواب کو حقیقت کی شکل دینے کے لیے جناب برلا نے تمام شراکت داروں سے اپیل کی کہ وہ ترقی کے ایسے ماڈل کو اپنائیں، جو نہ صرف پائیدار اور قائم رہنے والا ہو بلکہ سب کی شمولیت والا بھی ہو۔

نئی دلّی میں PHD چیمبرس آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی 120 ویں سالگرہ کے موقع پر ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب برلا نے مشاہدہ کیا کہ بھارتی حکومت کی ترقی پر مبنی پالیسیاں صنعتوں کو اب نئی توانائی فراہم کر رہی ہیں۔

S/B - Final OM Birla PHD CCI

MP CRPF Foundation Day

سینٹرل ریزرو پولیس فورس کے 86 ویں یومِ تاسیس کے دن کے موقع پر مدھیہ پردیش Neemuch میں سلسلے وار پروگرام منعقد کیے جا رہے ہیں۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ اس پروگرام میں مہمانِ خصوصی ہوں گے، جبکہ وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو خصوصی مہمان کی حیثیت سے موجود رہیں گے۔

ایک رپورٹ

V/C - Sanjeev Sharma

CRPF کی یومِ تاسیس پریڈ میں آٹھ دستے حصہ لیں گے، جو Neemuch میں واقع CRPF گروپ سینٹر میں منعقد کی جائے گی۔ اس موقع پر وزیر داخلہ CRPF کے جوانوں کو بہادری کے تمغے سے نوازیں گے۔ جناب شاہ، شہید اَستھل پر شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کریں گے، شہداء کے اہلِ خانہ پریڈ کمانڈرس اور جوانوں سے بھی بات چیت کریں گے۔ CRPF کے Neemuch کیمپس میں ابھی سینٹرل ٹریننگ کالج، Recruit ٹریننگ سینٹر، Range Office Combined اسپتال، پہلی بٹالین اور 4 سگنل بٹالین کام کر رہی ہیں۔

بھوپال سے سنجیو شرماکی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں....................

Bihar Grand Alliance

بہار میں آئندہ ریاستی اسمبلی انتخابات کے تناظر میں RJD کانگریس کی زیر قیادت عظیم اتحاد کی ایک اہم میٹنگ آج سہ پہر پٹنہ میں منعقد ہوگی۔ RJD دفتر میں بلائی گئی اس میٹنگ میں اپوزیشن اتحاد کی سبھی 6 پارٹیاں شرکت کریں گی۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ RJD لیڈر تیجسوی پرساد یادو کانگریس کے ریاستی انچارج کرشنا Allavaru، بہار پردیش کانگریس کمیٹی (VPCC) کے صدر راجیش کمار اور بائیں بازو، اور وِکاس شیل انسان پارٹی (VIP) کے سینئر رہنما اس میٹنگ میں موجود ہوں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Dharmendara Kumar  Roy

سیٹوں کی تقسیم اور باہمی سیٹوں کی شناخت کے علاوہ عظیم اتحاد کے رہنما آئندہ ہونے والے بہار اسمبلی انتخابات کے لیے، اتحاد کے وزیراعلیٰ کے امیدوار پر بھی غوروخوض کریں گے۔ RJD نے پہلے ہی لالو پرساد کے بیٹے تیجسوی پرساد یادو کو وزیراعلیٰ کا چہرہ قرار دے دیا ہے۔

انتخابات سے متعلق اہم ایجنڈے اور وسیع خاکے پر بھی تبادلہئ خیال کا امکان ہے۔ اسمبلی انتخابات کے مدنظر یہ عظیم اتحاد کی پہلی میٹنگ ہے۔ اس میں پشوپتی کمار پارس کی قیادت والی راشٹریہ لوک جن شکتی پارٹی کو اتحاد میں شامل کرنے کے بارے میں غوروخوض ہو سکتا ہے۔ دوسری طرف NDA اپنے سبھی پانچ اتحادیوں کے ساتھ انتخابات سے متعلق کئی میٹنگیں کر چکا ہے۔

پٹنہ سے دھرمیندر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں..............

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

WTO Trade Forecast

عالمی تجارتی تنظیم، WTO نے 2025 اور 2026کے لیے، تجارت سے متعلق اپنی پیش گوئی کی ہے۔ رپورٹ میں پیش گوئی کی گئی ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ذریعہ عائد کیے گئے محصولات کی وجہ سے اس سال عالمی تجارت میں کمی آئے گی۔

WTO کی ڈائریکٹر جنرل Ngozi Okonjo Iweala نے ایک بیان میں کہا کہ چین اور امریکہ کا الگ ہونا واقعی باعث تشویش ہے۔

انہوں نے کہ کہ WTO کا اس وقت اندازہ ہے کہ دونوں معیشتوں کے درمیان مصنوعات کی تجارت میں 81 فیصد کی کمی آئے گی اور اسمارٹ فون جیسی مصنوعات کے لیے، حالیہ استثنیٰ کے بغیر یہ 91 فیصد تک پہنچ جائے گی۔

انہوں نے مزید کہا کہ اتنے بڑے پیمانے پر امریکہ اور چین کی تجارت میں کمی دونوں معیشتوں کے ایک دوسرے سے الگ ہونے کے مترادف ہے۔

S/B WTO DG

IMD Weather

بھارتی محکمہئ موسمیات IMD نے، راجستھان اور گجرات کے کئی مقامات پر آج شدید گرمی رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کیرالہ، ماہے، وسطی مہاراشٹر، مراٹھواڑہ اور گجرات کے دوردراز کے مقامات پر گرمی اور حبس کا موسم رہنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے بہار، آسام اور میگھالیہ کے دوردراز کے علاقوں میں شدید بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ محکمے نے کہا ہے کہ سکّم، جھارکھنڈ، اُڈیشہ، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ اور منی پور میں بجلی، تیز ہواؤں کے جھکّڑ چلنے کا امکان ہے۔ کیرالہ، ماہے، ساحلی آندھراپردیش، یانم اور جنوبی کرناٹک کے اندرونی علاقوں میں بھی اسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔

موسمیات س متعلق ایجنسی نے یہ بھی کہا ہے کہ اگلے تین روز کے دوران شمال مغربی بھارت میں زیادہ سے زیادہ درجہئ حرارت میں بتدریج 2 سے 4 ڈگری کا اضافہ ہوگا۔×

J&K Hailstorm

اس دوران جموں و کشمیر میں، کئی مقامات پر 100 کلو میٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہواؤں کے جھکّڑ، گرج چمک اور اولہ باری کے ساتھ شدید بارش سے جموں خطّے میں کل شام معمول کی زندگی میں رخنہ پڑا۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ تیز ہواؤں سے کئی درختوں کے جڑ سے اُکھڑنے، بجلی کے کھمبے اور ٹاوروں کے ٹوٹنے سے جموں ڈویژنوں کے سبھی 10 اضلاع میں مکمل طور پر اندھیرا چھا گیا۔ جموں شہر کی سڑکوں اور دیگر مختلف شاہراہوں پر گاڑیوں کے نقل و حمل میں رخنہ پڑا۔ جموں اخنور، جموں RS پورا، Talab Tiloo اور جموں Nagrota روڈ پر ٹریفک متاثر ہوا۔×

## HP Weather

ہماچل پردیش میں اگلے دو روز کے دوران بہت خراب موسم رہنے کا امکان ہے۔ مقامی محکمۂ موسمیات نے کل اور ہفتے کے روز شدید بارش، ژالہ باری اور تیز ہواؤں کے تعلق سے ایک الرٹ جاری کیا ہے۔

ایک رپورٹ

## V/C - Prabha

ہماچل پردیش میں آج موسم جزوی طور پر ابر آلود ہے، البتہ راجدھانی شملہ سمیت ریاست کے زیادہ تر حصوں میں گل رات تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی بارش ہوئی۔ مغرب سے ہونے والی موسم کی تبدیلی کے مدِّنظر مقامی محکمہ موسمیات نے شملہ، Chamba، Kangara، Kullu اور منالی میں دو دن تک تیز بارش کے تعلق سے Orange Alertجاری کیا ہے۔

اس کے ساتھ ہی محکمے نے بالائی علاقوں میں ہلکی برفباری کی پیش گوئی کی ہے۔ شملہ کے محکمہ موسمیات کے مطابق بارش کے 21 اپریل تک جاری رہنے کا امکان ہے۔

شملہ سے پربھا شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں محمد اعظم خان

## Iran US

ایران کے وزیر خارجہ سید عباس عراقچی نے کہا ہے کہ ان کے ملک کے یورینیم افزودگی کے اصول پر بات چیت نہیں ہو سکتی۔ سرکاری خبر رساں ایجنسی اِرنا کے مطابق انھوں نے کل کابینہ کی ایک میٹنگ سے الگ نامہ نگاروں سے خطاب کرتے ہوئے یہ تبصرہ کیا۔

وہ پچھلے ہفتہ عُمان میں ایران اور امریکہ کے درمیان پہلے مرحلے کی بالواسطہ بات چیت کے بعد ایران کے نیوکلیائی پروگرام اور یورینیم کی افزودگی سے متعلق امریکی اہلکاروں کے ذریعے اختیار کیے گئے مخصوص متضاد موقف پر تبصرہ کر رہے تھے۔

## Telengana Clean Energyۃ

تلنگانہ کے نائب وزیراعلیٰ Mallu Bhathi Vikramarka نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت کی صاف ستھری اور سبز توانائی ملکی اور بیرونی سرمایہ کاروں کو راغب کر رہی ہے۔ ریاستی حکومت نے دو پرائیویٹ قابل تجدید توانائی کمپنیوں کے ساتھ 29 کروڑ روپے کے ایک مفاہمت نامے Mou پر دستخط کیے ہیں۔ یہ پروجیکٹ ریاستی حکومت کے سن 2030 تک 20 ہزار میگاواٹس سبز توانائی حاصل کرنے کے بڑے مقصد کا حصہ ہے۔

حیدرآباد کے تلنگانہ انسٹی ٹیوٹ آف رورل ڈیولپمنٹ میں Mou پر دستخط کئے جانے کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے نائب وزیر اعلیٰ سے کہا کہ ریاست نے حال ہی میں ایک نئی اور سبز توانائی پالیسی شروع کی ہے جس نے سرمایہ کاروں میں دلچسپی پیدا کی ہے۔x

ISSF Shooting

پیرو میں ISSF World Cup 2025 نشانے بازی مقابلے میں اندر سنگھ سروچی اور سوربھ چودھری کی بھارتی جوڑی نے 10 میٹر ائر پسٹل مکسڈ ٹیم مقابلے میں چین کی Qianxun Yao اور Kai Hu کی جوڑی کو سترہ۔ نو سے ہراکر سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

اِس سے پہلے Manu Bhakar اور Ravinder Singhکی اولمپک میں تمغہ جیتنے والی جوڑی نے چین کی Qianke Ma اور Yifan Zhang کی جوڑی سے ہارنے کے بعد کانسے کا تمغہ جیتا تھا۔

Raiza Dhillon آج خواتین کا فائنل کھیلیں گی، جو بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ڈیڑھ بجے شروع ہوگا۔x

IPL Cricket

IPL ٹی ٹوئنٹی میں کل رات دلی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں دہلی کیپٹلس نے راجستھان رائلس کو سپر اوور میں ہرا دیا۔

راجستھان رائلس نے ٹاس جیت کر دہلی کیپٹلس سے بلے بازی کرنے کو کہا۔ دہلی کیپٹلس نے مقررہ 20 اوورس میں 5 وکٹ پر 188 رن بنائے، جس میں Abishek Porel کے 49 اور K.L.Rahul کے 38 رن شامل تھے۔ دہلی کیپٹلس کے تیز گیند باز Mitchel Starc کو میچ کا بہترین کھلاڑی بھی قرار دیا گیا۔

آج ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں ممبئی انڈینس کا مقابلہ سن رائزرس حیدرآباد سے ہوگا یہ میچ شام ساڑھے سات بجے کھیلا جائے گا۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم

شکریہ - شبانہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے وقف ترمیمی قانون سے متعلق سپریم کورٹ میں جاری سماعت کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار پرتاپ لکھتا ہے وقف قانون پر عبوری روک سے سپریم کورٹ کا انکار، آج پھر سماعت۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا کی ایک سرخی ہے الیکشن کمیشن نے پہلی بار بوتھ لیول ایجنٹس کے لیے تربیتی پروگرام منعقد کیا۔ ہندوستان ایکسپریس لکھتا ہے شیوراج نے برازیل کے کسانوں کو بھارت آنے کی دعوت دی۔ اسی اخبار کی ایک اور سرخی ہے بھارت اور ازبیکستان کے درمیان مشترکہ

فوجی مشق شروع۔ مرشد آباد میں تشدد، این آئی اے سے جانچ کرانے کے لیے ہائی کورٹ میں عرضی، اس خبر کو انقلاب نے قومی صفحہ پر جگہ دی ہے۔

اخبار ملاپ کی ایک نمایاں سرخی ہے، دلی میں بند نہیں ہوں گےCNG آٹو رکشا۔ ریکھا حکومت نے EV پالیسی میں کی کئی بڑی تبدیلیاں۔

اخبارات نے اسٹاک مارکیٹ میں مسلسل تیسرے دن تیزی سے متعلق خبر کو بھی اہمیت دی ہے۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

_ امریکہ نے چین کی مصنوعات پر محصولات بڑھاکر 245 فیصد کیا۔

_ ٹرمپ انتظامیہ نے 100 دن سے قبل حیران کن تباہی مچائی: سابق صدرجوبائیڈن

_ غزہ میں اسرائیلی فوجیوں کے مظالم روکے جائیں، جنگ بندی ہی یرغمالیوں کی رہائی کا واحد راستہ: فرانسیسی صدر میخواں کا بیان

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- مرکزی وزیر سربانند سونووال نے کہا ہے کہ بھارت، مشرقِ وسطی، یوروپ اقتصادی راہداری، عالمی کنیکٹی وِٹی میں ایک گیم چینجر ہے۔

2- کانوں کی وزارت نے، اہم معدنیات کے قومی مشن کے تحت، مہارت کے مراکز قائم کرنے کے رہنماء خطوط جاری کیے ہیں۔

3- سپریم کورٹ آج وقف ترمیمی قانون 2025 کو چیلنج کرنے والی عرضداشتوں کی پھر سماعت کرے گی۔

4- تجارت کی عالمی تنظیم نے، امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے ذریعے عائد محصولات کے نتیجے میں، 2025 کے عالمی تجارتی ترقی میں کمی کی پیشگوئی کی ہے۔

5- شوٹنگ میں سروچی سنگھ اور سوربھ چودھری کی بھارتی جوڑی نے لیما میں ISSF عالمی کپ 2025 کے 10 میٹر ایئر پسٹل مکسڈ ٹیم مقابلے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

6- اور IPL ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں، میزبان ڈیلہی کیپیٹلز نے کانٹے کے ایک سُپر اوور مقابلے میں راجستھان رائلس کو شکست دی۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔